الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ١٠٦٩٨ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name :	**muhammad aamir khan**	Serial No :	**19953**
Address :	**karachi. New karachi**	Date :	**7/27/2013**
Subject :	**ROZA**	Contact No:	
Writer :	ضیاء الرحمٰن	Email :	

assalam alykom
ap se sawal ye hai ke roza aftar ki dua kab parni chahiye aftar se pehle ya aftar ke bad
kuch ulman ka kena hai ke aftar ki dua ke tarjome se sabit hota hai ke dua aftar kar ke paren ap is
masle main kiy farmate hain hadees ki roh se
baraye mehrbani jab jaldi bata den

السلام علیکم!

آپ سے سوال یہ ہے کہ روزہ افطار کرنے کی دعا کب پڑھنی چاہیے۔ افطار سے پہلے یا افطار کے بعد؟ کچھ علماء کا کہنا ہے کہ افطار کی دعا کے ترجمے سے ثابت ہوتا ہے کہ دعا افطار کر کے پڑھیں آپ اس مسئلے میں کیا فرماتے ہیں حدیث کی رو سے۔

الجواب حامداً ومصلیاً

افطار کے وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مختلف ادعیہ منقول ہیں ان میں قبل یا بعد کی کوئی تعیین نہیں بلکہ اس موقع پر اظہار تشکر اور نعمت کی قدردانی کے لیے وہ ادعیہ پڑھی جاتی ہیں البتہ علماء کی تشریحات سے معلوم ہوتا ہے کہ، "اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ" کو افطار سے قبل اور "ذَھَبَ الظَّمَاءُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُ" والی دعا کو افطار کے بعد پڑھنا چاہیے۔

فی المرقاة: وعن ابی ہریرة رضی اللہ عنہما، قال، کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم إذا أفطر قال: ذهب الظماء وابتلت العروق، وثبت الأجر إن شاء الله. قال الملا علی قاری تحت قوله (إذا أفطر): أی بعد الإفطار الخ (إلى قوله) وعن معاذ بن زهرة قال: ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان إذا أفطر قال): أی دعا، وقال ابن الملك: أی قرأ بعد الإفطار، وهو اللهم لك صمت وعلى رزقك أفطرت، قال الطيبي: قدم الجار والمجرور في القرينتين على العامل دلالة على الاختصاص إظهاراً للاختصاص في الافتتاح، وإبداء الشكر الصنيع المختص به في الاختتام (إلى قوله) وروى ابن ماجة أن للصائم عند فطره دعوة لا ترد اهـ (٤/١٣٨٧، ١٣٨٨، ٤٨٧)

واللہ اعلم

ضیاء الرحمٰن عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
16
٣/ رمضان المبارک ١٤٣٥ھ

الجواب صحیح
بندہ بادر جان محمد عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
٥/ ٩/ ١٤٣٥ھ

الجواب صحیح
بندہ مفتی محمد رفیق عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
٦/ رمضان ١٤٣٥ھ

دار الافتاء 19953 [illegible] ٩/٨ ١٤٣٤
دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ